
سبق 3:

# لڑھکائیں گے اور گھسیٹیں گے



ایک بار ایک بھیڑ کا بچہ اپنی دادی جان کے پاس ملاقات کے لیے جا رہا تھا۔

جنگل کے راستے سے جاتے ہوئے بھیڑ کے بچے نے ایک بھیڑیا کو دیکھا۔







مجھے مہربانی کر کے جانے دیجیے میں اپنی دادی ماں سے ملاقات کے لیے جا رہا ہوں۔ ان کی طبیعت بہت خراب ہے۔ میں جب واپس آؤں گا تو مجھے تم کھا لینا۔ تب تک میں موٹا اور بڑا بھی ہو جاؤں گا۔

بھیڑ کے بچے نے کہا۔

بھیڑ کے بچے نے اپنی دادی ماں کو ساری باتیں بتائیں۔

دادی ماں نے ایک ترکیب نکالی۔





جاؤ اس ڈھول کے اندر گھس جاؤ۔

بھیڑ کے بچے نے وہی کیا۔



دادی ماں نے ڈھول کو راستے پر لڑھکا دیا۔

اور ڈھول لڑھکنے لگا۔




ڈھول کے اندر بھیڑ کے
بچے نے دیکھا کہ
بھیڑیا اس کے انتظار میں ہے۔



بھیڑیا کو شک ہوا۔
وہ لڑھکتے ہوئے ڈھو
ل کے پیچھے پیچھے چلا۔



پہلے بھیڑ کا بچہ دوڑ کر اپنے
بھیڑیا کے پکڑنے سے
گھر کے اندر گھس گیا۔

اب نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

☆ ڈھول راستے میں کس طرح آرہا تھا؟

☆ بھیڑ کا بچہ ایک بکسے کے اندر گھس پڑا ہوتا تو کیا لڑھکتا لڑھکتا آ سکتا تھا؟

☆ تمہاری نظر میں کون کون سی چیزیں ڈھول کی طرح زمین پر لڑھک سکیں گی؟

☆ نیچے دی گئی تصویروں کو دیکھیے اسکول کے میدان میں بچے کھیل رہے ہیں۔ کچھ بچے اوپر سے نیچے پھسل رہے ہیں۔ کچھ چیزوں کو بچے کھینچ کھینچ کر لے جا رہے ہیں۔







غور کیجیے، کچھ چیزیں لڑھک لڑھک کر جاتی ہیں۔ اسی طرح بہت ساری چیزوں کو گھسیٹ کر لیا جاتا ہے۔ ایسی بھی چند چیزیں ہیں جو لڑھکتی بھی ہیں اور گھسیٹی بھی جاتی ہیں۔

☆ آپ اپنے چاروں طرف موجود چیزوں پر غور کیجیے اور نیچے کے نقشے کو بھریے۔

| لڑھکنے والی چیزیں | گھسیٹی جانے والی چیزیں |
|---|---|
| | |

آؤ، سکہ کو لے کر کھلیں۔

ایک روپے کا سکہ لیجیے اور تصویر میں جس طرح سکہ کو دکھایا گیا ہے اسی طرح پکڑیے اور لڑھکائیے۔



کیا سکہ لڑھکا؟ اس طرح پکڑ کر کیا سکہ گھسیٹا جا سکتا ہے؟ کوشش کیجیے۔

آیئے ایک کاغذ کو کاٹ کر درخت بنائیں:

☆ اسی طرح کا ایک کاغذ کا ٹکڑا لیجیے۔

☆ کاغذ کو موڑ کر پائپ کی طرح بنائیے۔

☆ کیا یہ پائپ لڑھک سکے گا؟

☆ اب تمہارا کاغذ کا پائپ اسی طرح نظر آتا ہوگا۔


☆ ایک قینچی لے کر کاغذ کے پائپ کے ایک طرف 7 یا 8 بار کاٹیئے۔

☆ کاغذ کے کٹے ہوئے ٹکڑوں کو باہر کی طرف پلٹ دیجیے۔

☆ اب کاغذ کا درخت تیار ہو گیا۔

☆ اس میں رنگ بھر دیجیے۔











آؤ،لڑھکنے والی اور گھسیٹنے والی چند چیزوں کو لے کر کھلیں گے۔

☆ چند ماچس کی ڈبیا، ٹین کے ڈبے، گیند، کانچ کی گولیاں جمع کیجیے۔

☆ ایک طرح کی چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر سجائیں۔

☆ دیکھیے کن کن چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر سجا سکیں گے؟

☆ کن چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر نہ سجا پائیں گے؟




گاڑی تیار کرنے کا کھیل:

☆ سانی ہوئی مٹی سے 4 عدد پہیے بنائیے۔

☆ دی گئی تصویر کی طرح دو پہیوں کو ایک ڈنڈے سے جوڑیے۔

☆ گاڑی کے آگے دھاگا باندھ کر کھینچئے۔ کیا گاڑی لڑھک رہی ہے؟

☆ اب ایک اینٹ لیجیے اینٹ کو دونوں ہاتھ سے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لائیے اور آپ اس اینٹ کو پہلے سے تیار کی گئی گاڑی پر رکھیئے اور گاڑی کو کھینچئے۔



ہاتھ سے اینٹ کو اٹھانے میں اور گاڑی کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں ان دونوں طریقوں میں سے کون سا آسان لگا؟

آسانی کس میں ہے سوچ کے بتائیے۔

# عملی مشق




1۔ نیچے دی گئی چیزوں میں سے جو لڑھک سکیں گی ان کے اوپر صحیح (   ) نشان لگائیں۔



2۔ کن چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کھینچ کر لیا جاسکے گا؟ اس پر رنگ بھریے۔



3۔ نقطوں کو ملایئے اور ان سے بننے والی چیزوں کے نام لکھیے۔



4۔ اوپر دی گئی چیزوں میں سے کون کون سی چیزیں ایک کے اوپر ایک رکھی جاسکتی ہے لکھیے۔

